نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

کاشتکار سورج مکھی کی بروقت کاشت سے بھرپور منافع کما سکتے ہیں: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

وزیراعظم پاکستان کے زرعی ایمرجنسی پروگرام کے تحت امسال سورج مکھی کی کاشت پر 5 ہزار روپے فی ایکڑ سبسڈی بھی فراہم کی جارہی ہے۔

لاہور: 29 دسمبر 2021 (**)** سورج مکھی کاشت کے لئے پنجاب کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلے حصے میں ڈیرہ غازی خان اور راجن پور میں سورج مکھی کی کاشت **31 جنوری** تک اور بہاول پور، رحیم یار خان، خانیوال، ملتان، مظفر گڑھ، ڈیرہ غازی خان ،لیہ، لودھراں، راجن پور، بھکر، وہاڑی اور بہاولنگر شامل ہیں، ان اضلاع میں سورج مکھی کی کاشت کا وقت **یکم تا 31 جنوری** تک مقرر کیا گیا ہے۔ دوسرے حصے میں سورج مکھی کی کاشت کے لئے میاں والی، سرگودھا، خوشاب، جھنگ، ساہی وال، اوکاڑہ، فیصل آباد، سیالکوٹ، گجرانوالہ، لاہور، منڈی بہاؤالدین، قصور، شیخوپورہ، ننکانہ صاحب، نارووال، اٹک، راولپنڈی، گجرات، چکوال میں سورج مکھی کی کاشت کا وقت **15 جنوری تا 15 فروری** تک مقرر کیا گیا ہے۔ سورج مکھی کی کاشت کے لئے اچھے اگاؤ والے صاف ستھرے دوغلی (ہائبرڈ) اقسام کے بیج کی فی ایکڑ مقدار 2 تا اڑھائی کلوگرام رکھیں۔ سورج مکھی کی موزوں اقسام میں ہائی سن-33، ٹی-40318، ایگورا4، این کے آرمنی، یوایس666، یوایس444، پی اے آر سن3، آکسن-5264، آکسن-5270، ایس-278 ،ایچ ایس ایف-360 اے، سن-7، او- آر- آئی- سن-648، او- آر آئی- سن-516 شامل ہیں۔ سورج مکھی کی زیادہ پیداوار حاصل کرنے کے لئے موزوں وقت پر کاشت انتہائی ضروری ہے کیونکہ تاخیر سے کاشت کی صورت میں نہ صرف سورج مکھی کی فی ایکڑ پیداوار میں کمی واقع ہوتی ہے بلکہ تیل کی مقدار میں بھی کمی ہوتی ہے۔ سورج مکھی کی بھرپور کاشت کیلئے **کمزور زمین** میں بوائی کے وقت پونے دو بوری ڈی اے پی اور ایک بوری ایس اور پی فی ایکڑ استعمال کریں اور **اوسط زرخیز زمین** کے لئے بوائی کیلئے ڈیرھ بوری ڈی اے پی اور ایک بوری ایس او پی فی ایکڑ استعمال کریں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا ہے کہ پاکستان ہر سال 300 ارب روپے کا خوردنی تیل درآمد کرتا ہے جو کہ ملکی معیشت پر ایک بوجھ ہے۔ امسال وزیراعظم پاکستان کے زرعی ایمرجنسی پروگرام کے تحت حکومت پنجاب تیلدار اجناس کا زیرِ کاشت رقبہ بڑھانے کیلئے سورج مکھی کی کاشت پر 5000 روپے فی ایکڑ کی سبسڈی فراہم کر رہی ہے۔ کاشتکار سورج مکھی کی زیادہ سے زیادہ رقبہ پر کاشت کر کے حکومتی سبسڈی سے فائدہ اٹھانے کے ساتھ ملکی درآمدی بل میں کمی لائی جاسکے۔

☆☆☆☆